سوال

دوران نماز کپڑے کو سمیٹنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

السلام علیکم ٹخنے سے شلوار کو پاجامہ کو یا دھوتی کو اوپر کرنے کے لئے موڑا جاتا ہے کیا یہ بھی کپڑے سمیٹنے کے زمرے میں آتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

«أُمِرْتُ أَنْ أَسْجُدَ عَلَى سَبْعَةٍ لَا أَكُفَّ شَعَرًا وَلَا ثَوْبًا»

مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سات اعضاء پر سجدہ کروں اور کپڑے اور بال نہ سمیٹوں۔

صحیح بخاری کتاب الاذان باب لایکف ثوبہ فی الصلاۃ ح ۸۱۶

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپکی مذکورہ صورتیں کف ثوب میں شامل نہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث